© rasailojaraid.com



ساغر اقبال ——— طنز و مزاح

# زبان میری ہے بات انکی

⬭ آئین کے آرٹیکل ۲۴۸ کے تحت صدر اور گورنر اپنے اعمال کے لئے کسی عدالت کے سامنے جواب دہ نہیں ہیں۔ (ایک خبر)

اور اللہ کی عدالت سے انہیں کون سا آرٹیکل بچا سکے گا؟

⬭ پنتالیس ہزار ایلیمنٹری انگلش ٹیچرز جولائی میں تعینات ہوں گے (ریاض فتیانہ)

ہم تم ہوں گے کالج ہوگا رقص میں سارا نالج ہوگا

⬭ فلمساز و ہدایت کار آغا حسینی انتقال کر گئے۔ (ایک خبر)

خس کم جہاں پاک!

⬭ زیادہ بچے پیدا کرنے والی جاپانی عورتوں کو سوڈالر فی بچہ انعام ملے گا (ایک خبر)

یہ خبر "بے سالکوں" کا منہ چڑانے کے لئے کافی ہے۔

⬭ اقتدار کا مالک امریکہ نہیں اللہ ہے (لیاقت بلوچ)

جمہوریت میں یا اسلام میں؟

⬭ سٹلائیٹ ڈش حرام ہے۔ (ایرانی فتویٰ آیت اللہ محمد علی عراقی)

یہ بات ایرانی النسل ماں کی بیٹی سے کہئے!

⬭ چور دروازے سے اقتدار حاصل کرنے کا دور ختم ہو گیا۔ (مخدوم الطاف)

کہ وہ صرف آپ کا حق تھا۔

⬭ مجھے مزدور کے غم میں نیند نہیں آتی۔ (نواز شریف)

ڈاکٹر چوہدری گوف سے رجوع کیجئے!

⬭ پاکستان شیعہ سنی اتحاد سے ہی قائم رہ سکتا ہے۔ (افتخار نقوی)

اور اتحاد بزرگوں کو گالیاں نہ بکنے سے ہی قائم رہ سکتا ہے۔

⬭ سرحد کے پہلے ویمن پولیس سٹیشن کی انچارج رنگ رلیاں مناتے ہوئے پکڑی گئی (ایک خبر)

حکومت تو ویمن بینک اور ویمن عدلیہ بھی قائم کر رہی ہے۔

⬭ گندم کی قیمت میں اضافے پر ۷۰ فیصد آبادی کو فائدہ پہنچا (خالد کھرل)

جھوٹے پر اللہ کی لعنت!

⬭ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کی معاشی پالیسیاں ایک ہی ہیں۔ (شاہ محمود قریشی)

بس ذرا اب بدتمیزی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

⬭ آپ کی حالت یہ ہے کہ دس دس کوٹھیاں دس دس عورتیں رکھی ہوئی ہیں (کھر کا واپڈا آفیسران سے خطاب)

واپڈا آفیسران کو تہمینہ درانی کی کتاب "میڈا سائیں" پڑھنی چاہیئے۔

⬭ غریبوں کو دو وقت کی روٹی میسر نہیں۔ پیپلز پارٹی کے وزراء باکس لیے پر رات بھر مرا سنتے ہیں (میاں عبدالستار)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یہی تو نیو سوشل کنسٹریکٹ ہے!

○ (فیصل آباد) ۸۰ سالہ شخص نے ختنے کروائے (ایک خبر)

.........اور کہا۔

جو وقت ختنہ میں چیخا تو نائی نے کہا ہنس کر
مسلمانی میں طاقت خون ہی بہنے سے آتی ہے

○ گوہر ایوب نے صدر کے بارے میں غیر معیاری گفتگو کی۔ (خالد کھرل)

چھج تے بولے۔ چھاننی کی بولے!

○ فوج نے جن ۷۲ افراد کو دہشت گرد قرار دیا۔ آج وزیر بنے بیٹھے ہیں۔ (چودھری نثار)

جام صادق آپ کے ماموں لگتے تھے؟

○ دو چھٹیاں۔ پاکستان میں کنٹرول آبادی کے لئے خطرہ! (جیرک آوان)

پاکستانی عوام کے پاس اور سامانِ تفریح ہی کیا ہے؟

○ ڈاکوؤں نے سابق وزیر خزانہ ڈاکٹر بشر کا گھر لوٹ لیا۔ (ایک خبر)

انہیں خزانے کی تلاش میں کہاں تک جانا پڑا۔

○ بے نظیر پر جادو کیا گیا۔ کمرے سے کالے کیل نکلے۔ (نصرت بھٹو)

یہ کام بھی پچھلی حکومت نے کروایا ہوگا۔

○ کمزوریوں کو دور کر کے بھٹو کا مشن پورا کریں گے۔ (جہانگیر بدر)

انجام بھی اس جیسا ہوگا۔

○ تھانوں کا نام بدل کر "دارالامن" رکھ دیا گیا (ایک خبر)

ہم بدلنا چاہتے ہیں نظمِ مے خانہ تمام
آپ نے بدلا ہے لیکن صرف مے خانے کا نام

○ (مالاکنڈ) نیم فوجی دستوں نے اسلامی قوانین کا مطالبہ کرنے والوں پر گولی چلا دی۔ ۱۲ ہلاک ۲۹ زخمی۔ (ایک خبر)

پاکستان میں اسلامی انقلاب کی داعی جماعتوں کے لئے الارم!

○ سٹیج کے پیچھے شراب چلتی ہے میں، باوضو ہو کر سٹیج پر جاتا ہوں۔ (سنئیر آرٹسٹ فخری احمد)

آپ سٹیج پر نماز پڑھتے ہیں؟

○ اسمبلی میں عورتوں کی سیٹوں کے بل پر جمعیت علماء اسلام کا واک آوٹ۔ (ایک خبر)

عورت کی سربراہی قبول۔ عورتوں کی سیٹوں کے بل پر واک آوٹ۔ آدھا تیتر۔ آدھا بٹیر۔ اگا بکرا پچھا بھیڈ۔

○ محنت کشوں کے بچوں کو مزدوری نہیں کرنے دیں گے۔ (وٹو)

ان کے منہ سے روٹی چھین لیں گے۔

○ مسز بھٹو نے مسز ونی منڈیلا کا محمد ﷺ کی بیٹی فاطمہؓ سے تقابل کیا "دی ٹائمز" (لندن) ۱۲/۵/۹۴

اس قبیلے کا ہر پیرو جواں گستاخ ہے۔

○ ریاض بسرا کو خود حکومت نے فرار کرایا۔ (ساجد نقوی)

اللہ کرے آپ کی بات درست ہو!

© rasailojaraid.com